مقالات سعیدی
حضرت العلامہ مولانا غلام رسول سعیدی
فرید بک سٹال

مقالاتِ سعیدی

از رشحاتِ فکر

حضرت علامہ مولینا غلام رسول سعیدی

شیخ الحدیث دارالعلوم نعیمیہ کراچی ۳۸

فرید بُک سٹال ○ اردو بازار لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نام کتاب : مقالاتِ سعیدی

تالیف : علامہ غلام رسول سعیدی

کتابت : محمد ادریس، وار برٹن، شیخوپورہ

تصحیح : مولانا حافظ محمد ابراہیم فیضی

الطبع السادس : ستمبر ۱۹۹۶ء

الطبع السابع : ربیع الاول ۱۴۲۲ھ / مئی ۲۰۰۱ء

مطبع : ہاشم اینڈ حماد پرنٹرز، لاہور

ہدیہ : -/150 روپے

ناشر

فرید بک سٹال (رجسٹرڈ) ۳۸۔ اُردو بازار لاہور

فون نمبر 042-7312173 ، فیکس نمبر 092-042-7224899

ای۔میل نمبر faridbooks@hotmail.com

کی بستی میں مسلمانوں کا صرف ایک گھر پایا) فرعون کے دھمکانے پر بنی اسرائیل نے دعا مانگی

۴۔ ربنا افرغ علینا صبرا و توفنا مسلمین۔ الاعراف ۱۲۶ اے ہمارے رب ہمیں صبر عطا کر اور اس حال میں ہمیں فوت کرنا کہ ہم مسلمان ہوں۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے بلقیس کی طرف خط میں تحریر فرمایا :۔

۵۔ انه من سلیمان وانه بسم الله الرحمن الرحیم الا تعلوا علی واتونی مسلمین۔ النمل ۳۰۔۳۱ (یہ خط سلیمان (علیہ السلام) کی طرف سے ہے اور یہ اللہ رحمٰن رحیم کے نام سے شروع ہے یہ کہ تم لوگ مجھ پر بڑائی حاصل نہ کرو اور مسلمان ہو کر میرے پاس آجاؤ)

ان تمام آیات سے یہ حقیقت آفتاب سے زیادہ روشن ہوگئی کہ مسلمان ہونا صرف ہمارا امتیاز نہیں بلکہ اس وصف میں ہم اور امم سابقہ کے تمام اہل ایمان شریک ہیں۔ ہم میں اور ان میں جو چیز مابہ الامتیاز ہے وہ مسلمان ہونا نہیں محمدی ہونا ہے۔

صرف نظام الٰہی پر یقین رکھنا اور نظام مصطفٰے سے اعراض کرنا یا اس کو غلط کہنا دراصل کفار کی فطرت ہے کیونکہ کفار اللہ تعالیٰ کے وجود اور اس کے تکوینی اور تخلیقی نظام کے تو قائل تھے لیکن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تشریعی نظام کے منکر تھے چنانچہ قرآن کریم میں ارشاد ہے۔

۱۔ ولئن سألتهم من خلق السموٰت والارض وسخر الشمس والقمر ليقولن الله۔ العنکبوت: ۶۱ (اگر آپ ان کفار سے سوال کریں کہ آسمانوں اور زمینوں کو کس نے پیدا کیا اور سورج اور چاند کو تمہارے فائدے کے لیے کس نے مامور کیا تو یہ ضرور کہیں گے کہ "اللہ نے")

۲۔ ولئن سألتهم من نزل من السماء ماءً فاحیا به الارض بعد موتها ليقولن الله۔ العنکبوت: ۶۳ اور اگر آپ ان (کافروں) سے سوال کریں کہ آسمانوں سے پانی کون برساتا ہے اور اس پانی سے بے جان زمین کو سبزہ سے زندہ کون کرتا ہے تو یہ ضرور کہیں گے کہ "اللہ")